© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اسلامی آداب زندگی　　　مصنف: محمد منصور الزمان صدیقی

ضخامت: ۹۳۸ صفحات　　　قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرۃؓ خالق آباد نوشہرہ

زیر تبصرہ کتاب ''اسلامی آداب زندگی'' دراصل صدیقی ٹرسٹ کراچی کے بانی اور چیئرمین جناب محمد منصور الزمان صاحب صدیقی کے مضامین اور تحریر کردہ مطبوعہ رسائل ہیں۔ یہ کتاب ۱۳ ضخیم ابواب پر مشتمل ہے۔ اور ہر ایک باب میں درجنوں ذیلی عنوانات ہیں۔ جس کے تحت مختلف مسائل اور مباحث ہیں جو کہ انتہائی عام فہم سہل اور آسان ہیں۔ جس کے مطالعہ میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی۔ اس کتاب میں مؤلف کے ۵۵ رسائل یکجا کردیئے گئے ہیں جن میں تمام دین کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ مؤلف کی یہ کاوش انتہائی قابل ستائش ہے۔ ابتداء میں جامعہ ابوہریرۃؓ کے بانی و مہتمم ماہنامہ القاسم نوشہرہ کے مدیر اور درجنوں کتابوں کے مصنف ومؤلف اور مرتب مولانا عبدالقیوم حقانی کا وقیع علمی و ادبی مقدمہ ہے۔ جس میں کتاب کے تمام مزایا وزوایا اور محتویات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

''اسلامی آداب زندگی'' آپ کے ہاتھوں میں ہے اس میں ہمیں ایک عالم باعمل کے اوصاف دکھائی دیں گے تو کہیں دیانتدار تاجر کے خصائل نظر آئیں گے۔ اس طرح کہیں اپنے بچوں کو بہتر تربیت سے آراستہ کرنے والا باپ ملے گا تو کہیں گریہ وزاری کرتا ہوا عابد مصلے پر کھڑا نظر آئے گا۔ اس مجموعے کو محض تجویز تحریک تحریر اور کمپوزنگ و اشاعت کے مرحلوں میں سے گزر کر محض ایک کتاب کو منظر عام پر لانا کتابوں کی دنیا میں ایک کتاب کا اضافہ نہیں بلکہ اس سے مقصود دل کی دنیا کو آباد کرنا اور قلب کی ویرانی کو دور کر کے ذوق وشوق اور معرفت ومحبت کے چراغ کو دل میں جلانا ہے۔۔۔ حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ کی خواہش تھی کہ الامام حضرت لاہوریؒ کی طرح ہفت روزہ خدام الدین کے مضامین وبیانات کے طرز پر آسان ترین اور عام فہم زبان میں دینی مسائل واحکام گھر گھر پہنچانے کا اہتمام کیا جائے۔ محمد منصور الزمان صدیقی صاحب کے مرتب کردہ رسائل تعلیم وتفہیم زبان اور طرز تحریر کے لحاظ سے واقعۃً حضرت مفتی اعظمؒ کی خواہش کی تکمیل اور نافعیت عامہ کے لحاظ سے تیر بہدف نسخہ ہے۔

پھر محض احکام محض تنقید اور محض جرح واعراض سے کام نہیں لیا گیا بلکہ رواجات ورسومات بدعات خرافات اور باطل افکار واقدار کا بہت ہی حکیمانہ انداز میں تعاقب کیا گیا ہے۔ پڑھنے والے کو نہ تو انقباض ہوتا ہے اور نہ الرجی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شیرینی گھول کر پلا دیتے ہیں۔ پھر ترغیب وتشویق مناسب ترھیب اور شوق دلا کر فقہی مسائل سے آگاہ کرتے ہیں جس سے ذہنی تربیت فکری بالیدگی شعور کی پختگی اور طلب واستفسار کی انگیخت ہوتی ہے۔ عمل ہو یا نہ ہو طرزِ تحریر ایسی ہے کہ پڑھ کر ایک علمی ودینی اور فقہی مسئلہ سیکھنے کا ثواب مل جاتا ہے۔

بعینہ زیر تبصرہ کتاب محولہ بالا صفات کی حامل ہے۔ اور ہر لحاظ سے جامع اور مکمل، جس موضوع پر بھی کوئی اس کے مطالعہ کی طرف متوجہ ہو جائے، انشاء اللہ تشنگی محسوس نہیں کرے گا۔ قرآنی تعلیمات احادیث اور سنت رسول عبادات معاملات ومعاشیات آداب واخلاقیات سلوک وتصوف واحسان دعوت وارشاد فرقِ باطلہ کا تعاقب خواتین کے فرائض و حقوق اور دائرہ کار اسراف وتبذیر رسم ورواج اور گناہ بےلذت اور عالم اسلام جیسے اہم موضوعات پر کتاب محیط ہے۔ یہ کتاب ہر گھر کی ضرورت اور ہر لائبریری کی زینت بننے کے قابل ہے۔ معنوی لحاظ سے تو اس کی خوبی وحسن میں کوئی کمی نہیں جبکہ صوری اور ظاہری لحاظ سے بھی کتاب انتہائی دیدہ زیب ہے۔ جس میں مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کا حسن ذوق واضح طور پر جھلک رہا ہے۔

---

کتاب: نقش سرسید　　　　مرتب: ضیاء الدین لاہوری

ضخامت: ۲۶۴ صفحات　　　　قیمت: ۱۵۰/- روپے

ملنے کا پتہ: دارالکتاب۔ کتاب مارکیٹ اردو بازار لاہور

جناب ضیاء الدین لاہوری کا اسم گرامی علمی وادبی اور تحقیقی وتاریخی کام کرنے والے حلقوں کے لئے نیا نہیں۔ آپ کا اشہب قلم متنوع موضوعات پر تگ وتاز میں مصروف رہتا ہے۔ اور کئی علمی ادبی اور تحقیقی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ سرسید احمد خان جو کہ برصغیر میں بالعموم اور اہل پاکستان میں بالخصوص ایک بہت بڑے مصلح اور مسلمانانِ برصغیر کے بہی خواہ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ ان کی سیرت پر آپ نے کافی کام کیا ہے۔ اور فکر ونظر کے نئے زاویوں اور مخفی دریچوں کی نشاندہی کی ہے گو کہ آپ کی تحقیق سے کوئی اختلاف کرے اور اسے یہ حق حاصل بھی ہے لیکن جس جستجو او عرقریزی سے آپ نے اس موضوع پر کام کیا ہے وہ واقعی داد وتحسین کے لائق ہے۔...... "نقش سرسید" یہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے، نقش ثانی کے عنوان سے مرتب رقمطراز ہیں: نقش سرسید کی طبع اول ختم ہوئی اس دوران مزید نکات مطالعہ میں آئے جنھیں متعدد مضامین میں موزوں مقامات پر سمویا گیا۔ جس سے مضامین کو وسعت ملی اور تحقیقی نتائج کو مزید تقویت حاصل ہوئی۔ نئے نکات سامنے آئے، نئے مضامین بھی مرتب ہوئے جو حسبِ معمول علمی رسائل میں شائع ہونے کے بعد زیر نظر تالیف میں شامل کئے گئے۔............ کتاب خوبصورت اور دیدہ زیب ہے، تاریخ وتحقیق کے متلاشیوں کے لئے یہ کتاب انتہائی کارآمد ہے۔ حوالہ جات میں مرتب نے بہت ہی احتیاط سے کام لیا ہے۔

© rasailojaraid.com